## الیکشن کمیشن آف پاکستان

## (شعبہ تعلقات عامہ)

## پریس ریلیز

مورخہ 11 اگست ،2017ء

### الیکشن کمیشن آف پاکستان نے این اے 120 لاہور اور پی پی 4 گوجر خان کے ضمنی انتخابات کے لئے مانیٹرنگ ٹیمیں تشکیل دے دیں ہیں۔

الیکشن کمیشن آف پاکستان نے این اے 120 لاہور اور پی پی 4 گوجر خان کے ضمنی انتخابات کے لئے 27 افسران پر مشتمل مانیٹرنگ ٹیمیں تشکیل دے دیں ہیں۔ جو ان مذکورہ بالا حلقوں کے ضمنی انتخابات میں کوڈ آف کنڈکٹ (ضابطہ اخلاق) اور الیکشن کمیشن کے جاری کردہ Directives (ہدایات) کی بھرپور نگرانی کریں گے۔ اور ہر لمحے کی رپورٹ الیکشن کمیشن سیکرٹریٹ کو فراہم کر کے بروقت قانونی کاروائی کریں گے۔ الیکشن کمیشن سیکرٹریٹ اسلام آباد میں ان ضمنی انتخابات کی مانیٹرنگ کے لئے مرکزی مانیٹرنگ سیل قائم کر دیا ہے ۔ جس سے کسی بھی قسم کی شکایات کی صورت میں فوری رابطہ بذریعہ ٹیلی فون نمبر 051-9217108 کیا جا سکتا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆